شدید معذوری والے افراد کے لیے لائسنس پلیٹس یا پارکنگ پرمٹ کی درخواست دینے کا طریقہ

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Department of Motor Vehicles

dmv.ny.gov

عام ہدایات

صفحہ 3 پر درخواست مکمل کرنے سے پہلے براہ کرم اس پیکٹ کے صفحہ 1 اور 2 کو پڑھیں۔ اگر آپ نیو یارک اسٹیٹ کے ایک ایسے رہائشی ہیں جسے ایک یا ایک سے زیادہ ایسی شدید **معذوریاں** لاحق ہیں جو آپ کی **نقل و حرکت** کو متاثر کرتی ہیں تو آپ خصوصی پارکنگ پرمٹ یا لائسنس پلیٹس کے اہل ہیں۔ **ان معذوریوں** کی تفصیل کے لیے اس پیکٹ کے صفحہ 3 پر درخواست کا حصہ 2 دیکھیں۔ پارکنگ پرمٹ مستقل یا عارضی معذوری کے لیے جاری کیا جا سکتا ہے۔ پرمٹس **معذور شخص کے نام پر جاری کیے جاتے ہیں۔** پارکنگ پرمٹ حاصل کرنے کے لیے آپ کا ڈرائیور، یا گاڑی کا رجسٹرڈ مالک ہونا ضروری **نہیں ہے**۔ کسی بھی عمر کے بچے جنہیں شدید معذوری لاحق ہے وہ پرمٹ کے اہل ہیں، جس طرح وہ افراد جنہیں قانونی طور پر نابینا قرار دے دیا گیا ہے۔

1) **<u>پارکنگ پرمٹ</u> کی درخواست دینے کے لیے:**

(a) صفحہ 3 پر درخواست کا حصہ 1 پُر کریں۔ اگر آپ کو **مستقل معذوری** لاحق ہے تو، میڈیکل ڈاکٹر، ڈاکٹر آف آسٹیوپیتھی، فزیشن اسسٹنٹ، نرس پریکٹیشنر، ڈاکٹر آف پوڈیاٹرک میڈیسن (پاؤں سے متعلق معذوری کے لیے) یا آپٹومیٹرسٹ (اندھا پن) سے کہیں کہ وہ درخواست فارم کے حصہ 2 میں موجود "مستقل معذوری" والے میڈیکل سرٹیفیکیشن کے سیکشن کو پُر کر کے <u>فارم آپ کو واپس کریں</u>۔ اگر آپ کو **عارضی معذوری** لاحق ہے جس کے لیے معاون آلہ کے استعمال کی ضرورت ہے، تو میڈیکل ڈاکٹر یا ڈاکٹر آف آسٹیو پیتھی سے کہیں کہ وہ درخواست فارم کے حصہ 2 میں موجود "عارضی معذوری" والے میڈیکل سرٹیفیکیشن کے سیکشن کو پُر کریں اور <u>فارم آپ کو واپس کریں</u>۔ نوٹ: اگر آپ کو مستقل معذوری لاحق ہے تو، جاری کرنے والا ایجنٹ میڈیکل سرٹیفیکیشن کی ضرورت کو ختم کر سکتا ہے بشرطیکہ آپ کو واضح، بصری طور پر قابل شناخت معذوری لاحق ہو (جیسے ٹانگ سے معذوری) **<u>یا</u>** اگر آپ کے پاس **<u>پہلے سے ہی</u>** شدید معذوری والے افراد کے لیے جاری شدہ لائسنس پلیٹس موجود ہوں۔

(b) **آپ کو اپنی مکمل کردہ درخواست اس شہر، قصبے یا گاؤں کے لیے مقرر کردہ جاری کرنے والے ایجنٹ کے پاس لے جانا چاہیے جہاں آپ رہتے ہیں۔ اپنی درخواست ڈپارٹمنٹ آف موٹر وہیکلز (DEPARTMENT OF MOTOR VEHICLES, DMV) کو نہ بھیجیں - DMV پارکنگ پرمٹ جاری نہیں کرتا ہے۔** اگر آپ کے پاس ڈرائیونگ لائسنس یا غیر ڈرائیونگ ID کارڈ ہے جو NYS DMV کے ذریعے جاری کیا گیا ہے، تو آپ کو دستاویز جاری کرنے والے ایجنٹ کو ضرور دکھانا چاہیے۔ جاری کرنے والا ایجنٹ آپ کے پرمٹ پر نو ہندسوں والے نمبر کے آخری تین ہندسے لکھے گا جو آپ کے لائسنس یا غیر ڈرائیونگ ID کارڈ پر پرنٹ شدہ ہے تاکہ قانون نافذ کرنے والوں کو اصل پرمٹ ہولڈر کی شناخت کرنے اور غلط استعمال کو روکنے میں مدد ملے۔ آپ کو پرمٹ حاصل کرنے کے لیے NYS DMV کی طرف سے جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس یا غیر ڈرائیونگ ID کی ضرورت نہیں ہے، الا یہ کہ آپ نیو یارک سٹی کے رہائشی ہیں (اگر آپ نیو یارک سٹی کے رہائشی ہیں تو، آپ کو پرمٹ جاری نہیں کیا جائے گا الا یہ کہ آپ پرمٹ کی درخواست کے ساتھ اپنے ڈرائیونگ لائسنس یا غیر ڈرائیونگ ID کارڈ کی کاپی شامل کر دیں)۔

<u>نیو یارک سٹی کے رہائشی</u> - نیو یارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن (New York City Department of Transportation, NYC DOT) نیو یارک سٹی کے رہائشیوں کو پرمٹ جاری کرتا ہے۔ اگر آپ نیو یارک سٹی کے ایسے رہائشی ہیں جنہیں پرمٹ کی ضرورت ہے تو، آپ کو اپنی درخواست **اور** اپنے ڈرائیونگ لائسنس یا غیر ڈرائیونگ ID کارڈ کی کاپی NYC Department of Transportation, Permits and Customer Service, 30-30 Thomson Avenue, 2nd Floor, Long Island City, NY 11101-3045 پر بھیجنی ہوگی۔ مزید معلومات کے لیے 433-3100 (718) پر کال کریں۔ **اگر آپ اپنی درخواست کے ساتھ اپنے ڈرائیونگ لائسنس یا غیر ڈرائیونگ ID کارڈ کی کاپی فراہم نہیں کرتے ہیں، تو NYC DOT پرمٹ جاری نہیں کرے گا۔** اگر آپ کے پاس شدید معذور افراد کی پلیٹس ہیں تو، حصہ 1 مکمل کریں اور اپنی رجسٹریشن کی ایک کاپی منسلک کریں۔ اگر آپ کے پاس شدید معذور افراد کے لیے اپنی مرضی کے مطابق پلیٹس ہیں تو، اپنی پلیٹ کی ایک تصویر منسلک کریں جس میں رسائی کا بین الاقوامی نشان دکھایا گیا ہو۔ <u>براہ کرم صفحہ 2 پر "نیو یارک سٹی میں پارکنگ" کے بارے میں اہم معلومات پڑھیں۔</u>

<u>ناساؤ کاؤنٹی کے رہائشی</u> - پرمٹ کے لیے کہاں درخواست دینی ہے یہ جاننے کے لیے 227-7399 (516) پر (ناساؤ کاؤنٹی آفس آف دی فزیکلی چیلینجڈ) کال کریں۔

<u>نیو یارک اسٹیٹ کے دیگر تمام رہائشی</u> - اپنے مقامی شہر، قصبہ یا گاؤں کے ہال کو کال کریں تاکہ معلوم کیا جا سکے کہ پرمٹ جاری کرنے والا قریبی ایجنٹ کہاں ہے۔ **زیادہ تر شہر، قصبہ یا گاؤں کے کلرک، اور کچھ پولیس محکمے پرمٹس جاری کرتے ہیں۔** زیادہ تر ایجنٹس فارم MV-664.1 قبول کرتے ہیں، لیکن کچھ ایجنٹس کے پاس اپنا درخواست فارم ہوتا ہے، اور تمام ایجنٹس عارضی معذوری کے لیے پرمٹس جاری نہیں کرتے ہیں۔

2) **<u>لائسنس پلیٹس</u> کی درخواست دینے کے لیے:**

(a) آپ کی معذوری کا مستقل ہونا **ضروری** ہے۔

(b) جس گاڑی پر خصوصی پلیٹس استعمال کی جائیں گی وہ **معذور شخص کے نام پر لازمی طور پر رجسٹرڈ** ہونی چاہیے۔ اپنے نام پر گاڑی رجسٹر کرانے کے لیے آپ کی عمر کم از کم 16 سال ہونی چاہیے۔

(c) صفحہ 3 پر درخواست کا حصہ 1 پُر کریں۔ میڈیکل ڈاکٹر، ڈاکٹر آف آسٹیوپیتھی، فزیشن اسسٹنٹ، نرس پریکٹیشنر، ڈاکٹر آف پوڈیاٹرک میڈیسن (پاؤں سے متعلق معذوری کے لیے) یا آپٹومیٹرسٹ (نابینا پن کے لیے) کو درخواست فارم کے حصہ 2 میں "مستقل معذوری" کا حصہ پُر کر کے <u>فارم آپ کو واپس</u> کر دینا چاہیے۔ <u>نوٹ</u>: اگر آپ مستقل طور پر معذور ہیں اور واضح طور پر قابل شناخت معذوری (جیسے ٹانگ سے معذور) **<u>یا</u>** اگر آپ کے پاس معذور والا پارکنگ کا مستقل (نیلا) پرمٹ ہے تو موٹر وہیکلز کے دفتر کے ذریعہ میڈیکل سرٹیفیکیشن کی ضرورت کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ پرمٹ ہولڈرز کو اپنے ساتھ پرمٹ لے کر آنا چاہیے اور، درخواست کا حصہ 1 بھی پُر کرنا چاہیے اور پرمٹ کی درخواست کی ایک کاپی منسلک کرنی چاہیے جس میں میڈیکل سرٹیفیکیشن یا ڈاکٹر کا بیان دکھایا گیا ہو۔

(d) آپ **موٹر وہیکلز کے کسی بھی دفتر سے پلیٹس حاصل** کر سکتے ہیں۔ مکمل کردہ درخواست اپنے ساتھ لے کر آئیں۔

- پہلی بار اپنی گاڑی کا رجسٹریشن کرانے کے لیے، آپ کو اصل رجسٹریشن کے لیے درکار تمام اشیاء فراہم کرنی ہوں گی اور اپنی معذوری کا ثبوت بھی شامل کرنا ہوگا۔
- اگر آپ کی گاڑی پر پلیٹس لگی ہوئی ہیں، تو شدید معذور افراد کی پلیٹس کا تبادلہ کرنے کے لیے پلیٹس اپنے ساتھ لے کر آئیں۔ آپ کو رجسٹریشن کی درخواست (فارم MV-82) پُر کرنی ہوگی اور رسائی کی بین الاقوامی علامت (International Symbol of Access, ISA) کو ظاہر کرنے والی نئی پلیٹس کے لیے $25.00 ادا کرنا ہوں گے۔
- اگر یہ ٹرانزیکشن آپ کی گاڑی کی رجسٹریشن کی تجدید کے علاوہ کسی اور وقت کیا جاتا ہے تو، آپ کو اضافی $3.75 بطور ٹرانزیکشن فیس ادا کرنے ہوں گے۔
- ISA والی ذاتی نوعیت کی پلیٹس DMV کسٹم پلیٹس آفس میں دستیاب ہیں۔ معلومات کے لیے، 402-4838 (518) پر کال کریں۔

لائسنس پلیٹس اور پارکنگ پرمٹ استعمال کرنا

- پلیٹس اور پرمٹس کا استعمال پارکنگ کی مخصوص جگہوں پر پارک کرنے کے لیے **صرف اس وقت کیا جا سکتا ہے جب معذور شخص گاڑی میں سوار ہو یا اسے چلا رہا ہو**۔ جو لوگ معذور نہیں ہیں وہ آپ کے پارکنگ پرمٹ یا مخصوص پلیٹس کا استعمال کسی مخصوص جگہ پر پارک کرنے کے لیے نہیں کر سکتے ہیں۔ جو لوگ ان جگہوں پر غیر قانونی طور پر پارک کرتے ہیں وہ NYS وہیکل اینڈ ٹریفک لاء کے سیکشن 1203-(c(4 کی خلاف ورزی کرتے ہیں اور انہیں پہلی بار اس جرم کے ارتکاب کرنے پر 50$ سے 75$ تک، اور دوسری بار اس جرم کے ارتکاب کے لیے جو کہ دو سال کے عرصے میں کیا جاتا ہے 75$ سے 150$ تک جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔ میونسپلٹیاں زیادہ جرمانے عائد کرسکتی ہیں۔ کوئی بھی شخص جو معذور کے لیے مختص کسی پارکنگ پرمٹ یا لائسنس پلیٹس کا غلط یا بیجا استعمال کرتا ہے اس کی پرمٹ یا پلیٹس منسوخ ہو سکتی ہیں۔

- جب گاڑی پارک شدہ ہو تو پارکنگ پرمٹ کو پیچھے کے منظر والے آئینے سے لٹکایا جانا چاہیے، لیکن جب گاڑی چلائی جا رہی ہو تو اسے آئینے سے ہٹا دیا جانا چاہیے۔

- عام طور پر، پلیٹس اور پرمٹس نیو یارک اسٹیٹ میں ہر جگہ درست ہوتے ہیں جہاں پارکنگ کی جگہیں معذور افراد کے لیے مختص ہیں۔ تاہم، پلیٹس یا پرمٹس کا استعمال آپ کو ریاستی یا مقامی پارکنگ کے ضوابط یا فیس یا کسی مخصوص علاقے میں پارک کرنے کی اجازت حاصل کرنے کی ضرورت سے مستثنیٰ نہیں ہے۔ پلیٹس اور پرمٹس زیادہ تر دیگر ریاستوں، خطوں اور بیرونی ممالک میں بھی درست ہیں۔ اگر آپ نیو یارک سے باہر سفر کریں گے، تو اس جگہ پر پولیس یا موٹر وہیکل ایجنسی سے رابطہ کریں جہاں آپ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ آپ کا پرمٹ یا پلیٹ قبول کی جائے گی۔

- معذور افراد کے لیے مختص پارکنگ کی جگہوں کو نمایاں اور مستقل طور پر اوپر درجے کے نشانات سے نشان زد کیا جانا چاہیے جو وہیل چیئر کی علامت کو ظاہر کرتے ہیں۔ یہ نشانیاں پارکنگ کی جگہ کی سطح سے پانچ سے سات فٹ کی بلندی پر رکھی گئی ہیں۔ مخصوص جگہوں کے تعین میں نیلی رنگ کی لائنوں یا نشانات کا استعمال شامل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس پرمٹ یا پلیٹس ہوں تب بھی **معذور افراد کے لیے مختص جگہوں کے ساتھ دھاری والے رسائی کے راستے میں پارک نہ کریں**۔ رسائی والے راستے وہیل چیئرز اور دیگر خصوصی طور پر لیس گاڑیوں والے لوگوں کو اپنی گاڑیوں میں محفوظ طریقے سے منتقل کرنے کے لیے جگہ فراہم کرتے ہیں۔

- مقامی افراد مقامی قانون یا آرڈیننس کے ذریعے معذور افراد کے لیے پارکنگ کی جگہیں متعین کرتے ہیں۔ اگر آپ کو کسی خاص سڑک پر معذور افراد کے لیے پارکنگ کے بارے میں کوئی سوال ہے، تو سڑک کی دیکھ بھال کرنے والی اتھارٹی سے رابطہ کریں۔ اگر اسٹریٹ سے ہٹ کر پارکنگ والی کسی بھی فیسلٹی میں محفوظ پارکنگ کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہے تو، فیسلٹی مینیجر یا مقامی بلڈنگ انسپکٹر سے رابطہ کریں۔

- **نیو یارک سٹی میں پارکنگ**

نیو یارک سٹی (NYC) اپنی سڑکوں پر خالی جگہیں صرف معذور افراد کے لیے مختص نہیں کرتا ہے۔ تاہم، نیو یارک سٹی سٹی پرمٹ (ایک مستطیل ڈیش بورڈ پرمٹ) جاری کرتا ہے جو شدید معذوری والے شخص کو سٹی کی سڑک کنارے کی جگہوں پر پارک کرنے کی اجازت دیتا ہے جو زیادہ تر گاڑیوں کے لیے دستیاب نہیں ہے، یا قانونی میٹر والی جگہوں پر مفت ہے۔ یہ پرمٹ نیو یارک سٹی سے باہر درست نہیں ہے۔ آپ کے پاس سٹی پرمٹ اور نیو یارک سٹیٹ کا پرمٹ ہو سکتا ہے، جو NYC DOT کے ذریعے جاری کیا جاتا ہے۔

نیو یارک اسٹیٹ اور نیو یارک سٹی میں، شاپنگ سنٹرز، مالز، دفتری عمارتوں، اپارٹمنٹ کی عمارتوں اور کالج کیمپس کے لیے پارکنگ کی جگہوں میں پارکنگ کی مخصوص جگہیں دستیاب ہیں۔ آپ ان آف اسٹریٹ لاٹوں میں مخصوص جگہوں پر پارک کرنے کے لیے خصوصی پلیٹس یا اسٹیٹ کا پرمٹ استعمال کر سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے یا پرمٹ کی درخواست حاصل کرنے کے لیے، آپ NYC DOT کی ویب سائٹ www.nyc.gov/dot پر جا سکتے ہیں یا 3100-433 (718) پر کال کر سکتے ہیں۔ آپ اس پتہ پر NYC DOT سے رابطہ کر سکتے ہیں:

NYC Department of Transportation
Permits and Customer Service
30-30 Thomson Avenue, 2nd Floor
Long Island City, NY 11101-3045

- **میٹر والی پارکنگ میں چھوٹ**

اگر آپ کو نقل و حرکت سے متعلق معذوری اور ایک خاص شدید معذوری لاحق ہے جو پارکنگ کے میٹر تک رسائی یا ادائیگی کرنے کی آپ کی صلاحیت کو محدود کرتی ہے، تو آپ میٹر والی پارکنگ کی چھوٹ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ میٹر والی پارکنگ کی چھوٹ والے کو فیس ادا کیے بغیر نیو یارک اسٹیٹ کے کسی بھی شہر، قصبے یا گاؤں (سوائے نیو یارک سٹی کے) میں میٹر والی پارکنگ کی جگہ پر پارک کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، MV-664.1MP (شدید معذوری والے افراد کے لیے میٹر والی پارکنگ کی چھوٹ کے لیے درخواست) اور MV-664.2MP (میٹر والی پارکنگ کی چھوٹ کی معلومات) کے فارمز دیکھیں۔ یہ فارم آپ کے مقامی جاری کرنے والے ایجنٹ کے ذریعے دستیاب ہیں اور DMV کی ویب سائٹ dmv.ny.gov پر بھی دستیاب ہیں۔

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. Department of Motor Vehicles

پارکنگ پرمٹ یا لائسنس پلیٹس کے لیے درخواست، شدید معذوری والے افراد کے لیے

اس درخواست کو مکمل کرنے سے پہلے براہ کرم اس پیکٹ کے صفحہ 1 اور 2 کو پڑھیں۔ اگر آپ پارکنگ پرمٹ کے لیے درخواست دیتے ہیں، تو مکمل شدہ درخواست کو جاری کرنے والے ایجنٹ (مقامی میونسپلٹی) کے پاس اس شہر، قصبے یا گاؤں میں لے جائیں جہاں آپ رہتے ہیں؛ **اپنی درخواست ڈپارٹمنٹ آف موٹر وہیکلز کو نہ بھیجیں کیونکہ DMV پارکنگ پرمٹس جاری نہیں کرتا ہے۔**

حصہ 1 معذوری والے شخص کے بارے میں معلومات — *(براہ کرم پرنٹ کریں اور تیر کے نشان کے نزدیک دستخط کریں۔)*

آخری نام | پہلا نام | درمیانی نام | ٹیلیفون نمبر

پتہ: نمبر اور گلی | اپارٹمنٹ نمبر | شہر | ریاست | زپ کوڈ

تاریخ پیدائش | جنس ☐ M ☐ F ☐ X | مجھے چاہیے: ☐ لائسنس پلیٹس *(DMV پر درخواست دیں۔)* ☐ پارکنگ پرمٹ *(اپنے مقامی جاری کرنے والے ایجنٹ کو درخواست دیں۔)*

کیا آپ کے پاس معذور افراد کے لیے لائسنس پلیٹس ہیں؟
☐ ہاں - میرا لائسنس پلیٹ نمبر یہ ہے: ________ ☐ نہیں

NYC کے رہائشی - اپنے ڈرائیونگ لائسنس یا نان ڈرائیونگ آئی ڈی کی ایک کاپی منسلک کریں۔ اگر آپ کے پاس نیو یارک اسٹیٹ کا پرمٹ ہے تو، یہاں پر پرمٹ نمبر پرنٹ کریں:

دستخط کرنے سے پہلے صفحہ 4 پر نوٹ پڑھیں

X ______________________ ______________

(معذور شخص کے دستخط یا والدین یا سرپرست کے دستخط) *— اگر والدین یا سرپرست نے دستخط کر دیا ہے، تو براہ کرم اپنے دستخط کے بعد معذوری والے شخص سے اپنا رشتہ لکھیں۔* (تاریخ)

حصہ 2 میڈیکل سرٹیفیکیشن

نوٹ: مستقل معذوریوں کی تصدیق میڈیکل ڈاکٹر (MD)، ڈاکٹر آف آسٹیو پیتھی (DO)، فزیشن اسسٹنٹ (PA)، نرس پریکٹیشنر (NP)، ڈاکٹر آف پوڈیاٹرک میڈیسن (DPM)، پاؤں سے متعلق معذوری کے لیے) یا آپٹومیٹرسٹ (OD)، اندھے پن کے لیے) کے ذریعے کی جا سکتی ہے۔ **عارضی معذوریوں** کی تصدیق، تاہم، صرف میڈیکل ڈاکٹر یا آسٹیوپیتھی کے ڈاکٹر سے کرائی جا سکتی ہے۔

اس باکس (باکسز) کو نشان زد کریں جو معذوری کو بیان کرتا ہے، اور تشخیص کو پُر کریں:

☐ **عارضی معذوری:** عارضی معذوری کا شکار وہ شخص ہوتا ہے جو عارضی طور پر کسی معاون آلہ کی مدد کے بغیر ایمبولیٹ کرنے سے قاصر ہو۔ معاون آلہ کی مثالوں میں تسمہ، چھڑی، بیساکھی، مصنوعی آلہ، کوئی دوسرا شخص، وہیل چیئر یا واکر وغیرہ بلا تحدید شامل ہیں۔ ***اہم بات:*** متوقع بحالی کی تاریخ سے قطع نظر عارضی پرمٹس چھ ماہ یا اس سے کم کے لیے جاری کیے جاتے ہیں۔

بحالی کی متوقع تاریخ: ______________ **تشخیص:** ______________

کس معاون آلہ کی ضرورت ہے؟ ______________

☐ **مستقل معذوری:** "شدید معذور" وہ شخص ہے جس میں ایک یا ایک سے زیادہ مستقل عوارض، معذوری یا نیچے دی گئی حالات ہیں، جس سے نقل و حرکت رک جاتی ہیں۔

تشخیص: ______________ براہ کرم **لاگو ہونے والی شرائط کو نشان زد کریں:**

☐ پورٹیبل آکسیجن استعمال کرتا ہے ☐ قانونی طور پر ثابت شدہ نابینا ☐ ایک یا دونوں ٹانگوں سے کلی یا جزوی طور پر معذور ☐ رکے بغیر 200 فٹ تک چلنے سے قاصر
☐ نیورومسکلر عارضہ جو نقل و حرکت کو بری طرح متاثر کرتا ہو ☐ درجہ تین یا چار کی دل کی حالت۔ (امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کے معیارات)
☐ گٹھیا، اعصابی یا آرتھوپیڈک حالت کی وجہ سے چلنے کی صلاحیت میں شدید حد تک محدود
☐ پھیپھڑوں کی بیماری کی وجہ سے اس حد تک محدود ہے کہ ایک سیکنڈ کے لیے جبری (سانس کی) ایکسپائری حجم، جب اسپائرومیٹری سے ماپا جاتا ہے، ایک لیٹر سے کم ہوتا ہے، یا شریانوں میں آکسیجن کا تناؤ ساٹھ ملی میٹر فی گھنٹہ کمرے کی ہوا سے کم ہوتا ہے۔
☐ ایسا جسمانی یا ذہنی عارضہ یا حالت ہو جو اوپر درج نہیں ہے جو معذوری کی مساوی ڈگری کا حامل ہے، اور جو عوامی نقل و حمل کے استعمال میں غیر معمولی مشکلات کا باعث بنتی ہے اور اس شخص کو بڑی مشکل کے بغیر گھومنے پھرنے سے روکتی ہے۔

ذیل میں وضاحت کریں کہ یہ معذوری چلنے پھرنے کو کیسے محدود کرتی ہے۔

____

MD/DO/DPM/NP/PA/OD نام | پروفیشنل لائسنس نمبر

MD/DO/DPM/NP/PA/OD پتہ | ٹیلیفون نمبر

دستخط کرنے سے پہلے صفحہ 4 پر نوٹ پڑھیں

X ______________________ ______________

(MD/DO/DPM/NP/PA/OD دستخط) (تاریخ)

Part 3 FILE INFORMATION *(For Issuing Agent Use Only)*

☐ Blue ☐ Red **Parking Permit No.** ____________ Date Issued: ____________ Date Expires: ____________

☐ First ☐ Second 9-digit number from NYS Driver License/ID Card ____________

☐ Denied ☐ Revoked Reason: ____________ ____________ (Date)

X ____________ (Issuing Agent) ____________ (Locality)

دوبارہ ترتیب دیں / صاف کریں۔

صارفین اور طبی پیشہ ور افراد کے لیے نوٹ

NYS وہیکل اینڈ ٹریفک لاء اور پینل لاء کے مطابق، شدید معذوری والے شخص کے لیے پارکنگ پرمٹ یا لائسنس پلیٹس کے لیے درخواست پر غلط بیان دینا یا غلط معلومات فراہم کرنا جرم (ناقابل معافی یا قابل مواخذہ جرم) ہے۔ اس جرم کی سزا جرمانہ، قید یا دونوں ہے۔ اگر اس جرم میں پارکنگ پرمٹ کے لیے درخواست شامل ہے، تو اس جرم کے نتیجے میں 250$ تا 1,000$ کے دیوانی جرمانے کی ادائیگی کرنی بھی پڑ سکتی ہے۔

<u>ان کسٹمرز کے لیے جو معذور افراد کے لیے لائسنس پلیٹس، یا پارکنگ پرمٹ چاہتے ہیں:</u>

جب آپ اس درخواست کے حصہ 1 پر دستخط کرتے/کرتی ہیں، تو آپ تصدیق کرتے/کرتی ہیں کہ:

- اس درخواست میں آپ کی فراہم کردہ معلومات درست ہیں؛
- آپ نے صفحہ 2 پر بیان کردہ "لائسنس پلیٹس اور پارکنگ پرمٹ استعمال کرنے" کی شرائط کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے؛ اور
- آپ ان شرائط کی تعمیل کرنے سے اتفاق کرتے/کرتی ہیں۔

<u>طبی پیشہ ور افراد کے لیے جو معذور افراد کے لیے لائسنس پلیٹس، یا پارکنگ پرمٹ کے لیے درخواست کی حمایت میں طبی معلومات فراہم کرتے ہیں:</u>

جب آپ اس درخواست کے حصہ 2 پر دستخط کرتے/کرتی ہیں، تو آپ تصدیق کرتے/کرتی ہیں کہ:

- آپ کی فراہم کردہ طبی معلومات درست اور مکمل ہیں؛ اور
- آپ کی رائے میں، حصہ 2 میں بیان کردہ طبی معیار کے مطابق، درخواست کے حصہ 1 میں نامزد شخص طبی طور پر معذور افراد کے لیے لائسنس پلیٹس، یا پارکنگ پرمٹ حاصل کرنے کا اہل ہے۔